AQF / Tausif

13-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کونین حیدر

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 6 گورنروں کی تقرری کی ہے۔ راجندر وِشوناتھ آرلیکر کو تمل ناڈو، جبکہ او پی ماتھُر کو کیرالم کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔

☆ بھارت، آج نئی دلّی میں BIMSTEC وزرائے داخلہ کی اب تک کی پہلی میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔

☆ انتخابی کمیشن نے ملک گیر رسائی مہم شروع کی ہے، تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بھی اہل رائے دہندہ، ووٹر فہرست سے باہر نہ رہ جائے۔

☆ جموں وکشمیر کے پونچھ ضلعے میں لائن آف کنٹرول سے متصل بارودی سرنگ کے دھماکے میں لشکر طیبہ کے چار دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔

☆ بھارت میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد 111 کروڑ سے تجاوز کرگئی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، ڈنمارک اوپن 2026 آج Odense کے مقام پر شروع ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Governor - Appointment

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 6 ریاستوں میں گورنروں کی تقرری کی ہے۔ جناب او پی ماتھُر، جو فی الحال سکم کے گورنر ہیں، کیرالم کے نئے گورنر ہوں گے۔ وہ کیرالم کے موجودہ گورنر راجیندر وِشوناتھ آرلیکر کی جگہ لیں گے، جنہیں تمل ناڈو کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ اِسی طرح جناب دُشینت گوتم کو سکم کا نیا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ، جناب برِج موہن رام کو اُڈیشہ کا گورنر، ڈاکٹر سُدھا یادو کو کرناٹک، جبکہ ڈاکٹر Dhal Singh Bisen کو اتراکھنڈ کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ اِن گورنروں کی تقرری اُن تاریخوں سے مانی جائی گی، جب وہ اپنے متعلقہ دفاتر کا چارج سنبھالیں گے۔×

BIMSTEC Meeting

بھارت، آج نئی دلّی میں BIMSTEC کے وزرائے داخلہ کی پہلی میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔ یہ میٹنگ دہشت گردی، منظّم جرائم، نارکوٹیکس، انتہا پسندی، غیر قانونی تجارت اور سائبر خطرات سے نمٹنے کے تئیں مشترکہ عزم کی علامت ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔

V-C Saumya Sharan

BIMSTEC کے وزرائے داخلہ اور رُکن ملکوں کے وفود کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ یہ تاریخی میٹنگ دہشت گردی اور منظم جرائم سمیت سکیورٹی سے متعلق مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے میں باہمی تعاون کو مستحکم کرنے کی خاطر BIMSTEC رُکن ممالک کے مشترکہ عزم کو ظاہر کرتی ہے۔

جناب شاہ نے کہا کہ فیصلہ کُن تال میل کے ذریعہ رُکن ممالک BIMSTEC خطے کو مزید محفوظ اور مستحکم بنانے کے تئیں پُرعزم رہیں گے۔

کثیر جہتی تکنیکی اور اقتصادی تعاون کیلئے خلیج بنگال پہل / BIMSTEC ایک علاقائی گروپ ہے، جس میں بنگلہ دیش، بھوٹان، بھارت، میانما، نیپال، سری لنکا اور تھائی لینڈ شامل ہیں۔

اس کا مقصد خلیج بنگال کے ساحلی اور اُس کے پڑوسی ممالک میں اقتصادی اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

دلّی سے Saumya Sharan کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

EC Campaign

انتخابی کمیشن نے اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے اپنی کوششیں تیز کر دی ہیں کہ ہر اہل شہری کا نام ووٹر فہرست میں شامل ہو۔ اِس مقصد کے تحت کئی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں خصوصی کیمپ لگائے جا رہے ہیں اور ووٹروں کی مدد کیلئے مہم چلائی جارہی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ....

VC - Tripti

انتخابی کمیشن کی ہدایات کے مطابق، ریاستوں کے چیف الیکٹورل افسران CEOs اور ضلعی چناؤ افسران DEOs، ووٹروں کی رجسٹریشن میں مدد فراہم کرنے، ذاتی تفصیلات کو درست کرنے اور ووٹر فہرستوں میں موجود غلطیوں اور تضادات کو دور کرنے کیلئے سرگرم اقدامات کررہے ہیں۔

ووٹر رجسٹریشن اور معلومات کو درست کرنے کی سہولتوں کو مزید آسان اور قابلِ رسائی بنانے کیلئے پولنگ بوتھوں پر خصوصی کیمپ لگائے جارہے ہیں۔

اہل شہری مدد کیلئے بوتھ سطح کے افسران BLOs، اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن افسران AEROs، الیکٹورل رجسٹریشن افسران EROs اور ضلعی چناؤ افسران سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

اِس مہم کا مقصد، ووٹر کے اندراج، سماعت کے عمل اور انتخابی ریکارڈ میں موجود غلطیوں سے متعلق شکایات کو دور کرنا ہے۔ اِن اقدامات کے ذریعے انتخابی کمیشن کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کوئی بھی اہل بھارتی شہری ووٹر فہرست سے باہر نہ رہے اور ووٹروں کو اپنے مسائل حل کرانے کیلئے بروقت

مدد فراہم کی جائے۔

ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں انتخابی حکام نے اِس بات کا اعادہ کیا ہے کہ اِس مہم کا بنیادی مقصد انتخابی عمل میں سب کی شمولیت کو یقینی بنانا ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ اہل شہریوں کو ایسی سہولیات فراہم کرنا بھی ہے جن کے ذریعے وہ ووٹر فہرست میں اپنے ناموں کا اندراج کرا سکیں یا ریکارڈ میں موجود کسی بھی قسم کی غلطی کو درست کرا سکیں۔

نئی دلّی سے Tripti کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ....

Deadline - Voter Roll

انتخابی کمیشن نے مہاراشٹر کے ووٹر فہرستوں کے مسودے پر دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کی آخری تاریخ بڑھا کر 26 اکتوبر کر دی ہے۔ ووٹر فہرستوں کا مسودہ 31 اگست کو شائع کیا گیا تھا۔ نظرثانی شدہ تاریخوں کے مطابق، دعووں اور اعتراضات کو نمٹانے کا عمل 10 نومبر تک مکمل کرلیا جائے گا، جبکہ حتمی ووٹر فہرستیں مقررہ پروگرام کے مطابق، 16 نومبر کو شائع کی جائیں گی۔

چیف الیکٹورل آفیسر نے اہل شہریوں اور نئے ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ توسیع شدہ مدت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ووٹر کے طور پر اپنا اندراج کرائیں، موجودہ اندراجات میں ضروری اصلاحات کرائیں یا جہاں ضرورت ہو، اعتراضات داخل کریں۔×

J&K - Terrorists Killed

جموں و کشمیر میں لائن آف کنٹرول سے متصل بارودی سرنگ کے دھاکے میں لشکر طیبہ کے ایک اعلیٰ کمانڈر سمیت چار دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ یہ دہشت گرد پونچھ ضلع میں بھارت میں دراندازی کی کوشش کررہے تھے۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی شناخت لشکر طیبہ کے اعلیٰ کمانڈر محمد فیضان، محمد اشتیاق، محمد وَقاص اور محمد عاصم کے طور پر کی گئی ہے۔ یہ تمام افراد پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے پونچھ ضلع کی Hajira تحصیل کے علاقے Mandla، مداراپور کے رہنے والے تھے۔

دہشت گردوں کا یہ گروہ کل سہ پہر کرشن گھاٹی سیکٹر کے Nangi Takri علاقے میں لائن آف کنٹرول عبور کرکے بھارتی علاقے میں داخل ہونے کی کوشش کررہا تھا، تبھی اُن کے قدموں سے ایک بارودی سرنگ پھٹ گئی۔ زوردار دھاکے میں چاروں دہشت گرد موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔

دھاکے کی اصل جگہ Satwal-Naki / Nangi Takri کا علاقہ بتائی گئی ہے۔ یہ علاقہ سرحد پار سے بھارت کی حدود میں خفیہ طور پر داخل ہونے کی کوشش کرنے والے عناصر کیلئے روایتی طور پر دراندازی کا ایک معروف راستہ رہا ہے۔×

Durga Scheme Portal

دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے Durga اسکیم کیلئے ڈیجیٹل پورٹل کا آغاز کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اِس اسکیم کے پہلے مرحلے میں مجموعی طور پر ایک ہزار 300، Pink e-Auto فراہم کئے جائیں گے۔ اِن میں سے ایک ہزار 170 کو خواتین

کیلئے جبکہ 130 کو مخنث افراد کیلئے نشان زَد کیا گیا ہے۔
اس موقع پر محترمہ گپتا نے کہا کہ یہ اسکیم خواتین اور مخنث افراد کو الیکٹرک آٹو رکشہ کا مالک اور ڈرائیور بننے کے ساتھ ساتھ انہیں عزت کے ساتھ روزی روٹی کمانے کا موقع بھی فراہم کرے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس اسکیم کیلئے خواتین درخواست کنندگان کی عمر 20 سے 40 برس کے درمیان ہونی چاہئے اور وہ دلّی کی رہائشی ہوں۔
اس کے علاوہ اُن کے پاس لائٹ موٹر وہیکل کا مجاز لائسنس اور پبلک سروس وہیکل بیج ہونا چاہئے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اسکیم کیلئے ایک خصوصی ڈیجیٹل پورٹل تیار کیا گیا ہے، تاکہ اس کے شفاف اور منظّم انداز میں نفاذ کو یقینی بنایا جاسکے۔×

Delhi Traffic Advisory

نئی دلّی میں امن و قانون کی صورتحال کے پیش نظر دلّی ٹریفک پولیس نے آج کیلئے ٹریفک ایڈوائزری جاری کی ہے۔
ٹریفک پولیس نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ دن کے دوران قومی راجدھانی دلّی کی مختلف سڑکوں پر ٹریفک کی آمدورفت متاثر ہونے کا امکان ہے۔ پولیس نے بتایا کہ موجودہ صورتحال کے پیش نظر دلّی کے بعض اہم چوراہے اور سڑکوں پر ٹریفک کا رخ تبدیل کیا جا سکتا ہے۔
متاثر ہونے والی سڑکوں اور مقامات میں منٹو روڈ، منڈی ہاؤس اور پٹیل چوک کے گول چکر، گرو نانک چوک، لودھی روڈ فلائی اوور، سردار پٹیل مارگ اور کناٹ پلیس کا آؤٹر سرکل سمیت دیگر علاقے شامل ہیں۔ ٹریفک پولیس نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے سفر کی منصوبہ بندی پہلے سے کریں اور سفر کیلئے اضافی وقت رکھیں۔
اِس کے علاوہ، گاڑی چلانے والوں سے کہا گیا ہے کہ وہ متاثرہ علاقوں میں غیر ضروری سفر سے گریز کریں، ٹریفک ڈائیورژن کے نشانات اور ٹریفک اہلکاروں کی ہدایات پر عمل کریں اور گاڑیوں کی آمدورفت کو برقرار رکھنے کیلئے دلّی ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Trai-Internat Subscribers

بھارت کے انٹرنیٹ صارفین کی تعداد اِس سال جون کے آخر میں بڑھ کر 111 کروڑ 41 لاکھ سے زیادہ ہوگئی ہے، جبکہ مارچ 2026 کے آخر میں یہ تعداد تقریباً 109 کروڑ 28 لاکھ تھی۔ گزشتہ سہ ماہی میں یہ 96 فیصد کا اضافہ ہے۔
مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Yashashvi

*بھارت کی ٹیلی مواصلاتی، انضباطی اتھارٹی **TRAI** نے اپنی بھارتی ٹیلی مواصلاتی کارکردگی کے اشاریئے پرمبنی رپورٹ میں کہا ہے کہ کُل انٹرنیٹ صارفین میں سے **Wired** انٹرنیٹ صارفین کی تعداد*

چار کروڑ 77 لاکھ تھی، جبکہ 106 کروڑ 64 لاکھ وائرلیس انٹرنیٹ صارفین تھے۔ انٹرنیٹ صارفین کی اس تعداد میں براڈ بینڈ انٹرنیٹ صارفین اور نیرو بینڈ انٹرنیٹ صارفین شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق، جون-2026 میں براڈ بینڈ انٹرنیٹ صارفین کی تعداد میں دو اعشاریہ صفر تین فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جبکہ نیرو بینڈ انٹرنیٹ صارفین کی تعداد میں صفر اعشاریہ آٹھ نو فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

رپورٹ میں بھارت کے ٹیلی فون صارفین میں اضافے کو بھی اُجاگر کیا گیا ہے، جن کی تعداد مارچ 2026 میں 133 کروڑ سے بڑھ کر جون 2026 میں تقریباً 134 کروڑ ہوگئی ہے۔ یہ گزشتہ سہ ماہی میں ایک اعشاریہ تین ایک فیصد کا اضافہ ہے۔ بھارت میں مجموعی طور پر فعال ٹیلی فون کنکشن کی تعداد مارچ 2026 میں 93 اعشاریہ دو چھ فیصد سے بڑھ کر جون 2026 میں 94 اعشاریہ تین ایک فیصد ہوگئی ہے۔

Yashashvi کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

PM 25 Years - Nalanda University

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کرلیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔

اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ نالندہ یونیورسٹی کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے۔

VC - Nidhi Shree - Patna

راجگیر کی پہاڑیوں کے درمیان واقع نالندہ کی کہانی ماضی سے نکل کر حال میں داخل ہوچکی ہے۔

سال 2024 میں وزیراعظم نریندر مودی نے نالندہ یونیورسٹی کے نئے کیمپس کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں 17 ممالک کے سربراہانِ مشن نے شرکت کی۔ نالندہ کی پہچان صرف اس کی قدیم شناخت سے نہیں ہے بلکہ دنیا کے ساتھ علم کا اشتراک کرنے کی روایت سے بھی ہے۔ افتتاحی تقریب میں وزیراعظم نے اس کے علمی وِرثے کا ذکر کیا تھا۔

Byte: PM Modi

نالندہ کا نیا سفر بھی سرحدوں سے آگے بڑھ رہا ہے۔ آج یہاں دنیا کے مختلف حصوں سے آنے والے طلباء بھارت کے فلسفے وسودھیو کٹم بکم یعنی پوری دنیا ایک کنبہ ہے، کی روایت کو آگے بڑھا رہے ہیں۔

نالندہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سچن چترویدی کے مطابق یونیورسٹی وِکاس بھی، وراثت بھی کے نظریے کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔

Byte: VC Nalanda University

تقریباً ایک ہزار 600 سال قدیم نالندہ یونیورسٹی کا علمی ورثہ آج جدید تعلیم اور ترقی کے ایک نئے وسیلے کے طور پر اُبھر رہا ہے، جہاں وزیراعظم کی کوششوں سے ماضی کے تجربات اور اسباق بھارت کے مستقبل کی راہ متعین کررہے ہیں۔

پٹنہ سے ندھی شری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

SC - Centre Cancer Drugs

مرکز نے سپریم کورٹ کو مطلع کیا ہے کہ اُس نے کینسر کی دواؤں پر تجارتی منافع کی حد مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے تحت دواؤں کی زیادہ سے زیادہ خوردہ قیمت MRP کے 30 فیصد سے زیادہ منافع نہیں لیا جاسکے گا۔ اِس دوران سپریم کورٹ نے دواسازی کے پورے شعبے میں ادویات کی قیمتوں کا وسیع پیانے پر جائزہ لینے کی ضرورت پر زور دیا۔

مرکزی حکومت کی جانب سے پیش ہوتے ہوئے سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا پر مشتمل بنچ کو بتایا کہ مرکزی حکومت، کینسر کی اُن ادویات کی فہرست جاری کرے گی جن پر تجارتی منافع کی مقررہ حد کا اطلاق ہوگا۔

حکومت کے دوسرے سب سے بڑے قانونی افسر نے عدالت کو بتایا کہ بازار کی صورتحال میں تبدیلی اور صحت عامہ کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس فہرست میں وقتاً فوقتاً مزید کینسر کی ادویات شامل کی جاسکتی ہیں، جبکہ کم قیمت والی ادویات کو اس پابندی سے مستثنیٰ رکھا جائے گا۔

یہ پیش رفت اُس وقت سامنے آئی جب عدالت عالیہ نے بارہا اِس بات پر سوال اٹھایا کہ دوا ساز کمپنیوں یا سپلائرز کی جانب سے خوردہ فروشوں کو جس قیمت پر ادویات فراہم کی جاتی ہیں اور ان پر درج زیادہ سے زیادہ خوردہ قیمت MRP کے درمیان اتنا زیادہ فرق کیوں ہوتا ہے۔ عدالت نے اِس کے باعث مریضوں پر پڑنے والے مالی بوجھ پر تشویش کا اظہار کیا اور ادویات کی قیمتوں کو مؤثر طریقے سے منضبط کرنے کیلئے ایک مضبوط نظام کی ضرورت پر زور دیا۔×

Karnataka - HC Reservation

کرناٹک ہائی کورٹ نے 2022 کے ریاستی قانون کی اُن دفعات کو منسوخ کر دیا ہے، جن کے تحت درج فہرست ذاتوں SC کیلئے ریزرویشن 15 فیصد سے بڑھا کر 17 فیصد اور درج فہرست قبائل ST کیلئے 3 فیصد سے بڑھا کر 7 فیصد کیا گیا تھا۔ دو ججوں پر مشتمل بنچ نے فیصلہ سنایا کہ کرناٹک درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل ریزرویشن ایکٹ، 2022 کی دفعات 3 اور 4 غیر آئینی ہیں، کیونکہ ریزرویشن میں اضافے سے سپریم کورٹ کی جانب سے 1992 کے اندرا ساہنی مقدمے میں مقرر کردہ 50 فیصد کی حد کی خلاف ورزی ہوئی۔

اِس ریاستی قانون کے تحت درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور دیگر پسماندہ طبقات کیلئے مجموعی ریزرویشن 50 فیصد سے بڑھا کر 56 فیصد کر دیا گیا تھا۔×

Badminton-Denmark Open

ڈنمارک اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا آج Odense میں آغاز ہوا۔ اِس میں 32 میچوں کے خواتین سنگلز کے راؤنڈ میں دوبار کی اولمپک تمغہ یافتہ پی وی سندھو کا مقابلہ آج اولمپک چمپئن اور عالمی نمبر ایک کھلاڑی جنوبی کوریا کی An Se-Young سے ہوگا، جبکہ تنوی شرما جاپان کی Natsuki Nidaira کا سامنا کریں گی۔ اس کے علاوہ Ashmita Chaliha، دیویکا سِہاگ اور اُنتی ہُڈا کل اپنے پری کوارٹر فائنل میچ کھیلیں گی۔

مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین اور دنیا کے سابق نمبر ایک کھلاڑی کدامبی سری کانت بھی 32 میچوں کے راؤنڈ میں مقابلہ کریں گے، جبکہ آیوش شیٹی اپنا میچ کل کھیلیں گے۔ مردوں کے ڈبلز میں ساتوِک رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی بھی کل مقابلہ کریں گے۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کے علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔

اِسی طرح آندھرا پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفرآباد اور راجستھان میں بھی کل تک اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے آج ملک کے شمال مشرقی علاقوں، ہماچل پردیش، کیرالہ، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل کے بعض علاقوں میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِس دوران، کونکن اور گوا میں دن کے وقت موسم گرم اور حبس والا رہنے کا امکان ہے۔×

India - Iran Security Chiefs

بھارت اور ایران کے اعلیٰ سکیورٹی عہدیداران کے درمیان بات چیت ہوئی، جس میں دونوں ممالک نے موجودہ علاقائی اور بین الاقوامی حالات و واقعات اور باہمی دلچسپی کے امور پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔

نئی دلّی میں واقع ایرانی سفارت خانے نے سوشل میڈیا پر ایک بیان میں بتایا کہ ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سکریٹری محسن رضائی نے کل شام بھارت کے قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔×

Dilli Dialogue - Goyal

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک کے نوجوانوں کو نئے نقطۂ نظر، اختراعی خیالات اور پالیسی سازی کیلئے مضبوط مقصدیت کے ساتھ بھارت کے ترقیاتی سفر میں سرگرمی سے حصہ لینا چاہیے۔

کل نئی دلّی میں ''دلّی ڈائیلاگ 2026'' سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے عالمی چیلنجوں کے باوجود بھارت کی ترقی اور استحکام کی رفتار کو اجاگر کیا۔ جناب گوئل نے کہا کہ 140 کروڑ آبادی پر مشتمل بھارتی بازار اور ملک کی نوجوان آبادی بھارت کی ایک بڑی طاقت ہے۔

انہوں نے اجاگر کیا کہ جہاں کئی معیشتوں کو معمر افراد کی آبادی کے مسئلے کا سامنا ہے، وہیں بھارت کے لوگوں کی

اوسط عمر 30 سال سے کم ہے اور آئندہ تین دہائیوں تک اِس کے اِسی سطح پر برقرار رہنے کی توقع ہے۔
انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ملک کی معیشت، 2047 تک 30 ٹریلین امریکی ڈالر کی مالیت تک پہنچ جائے گی۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: محمد شہزاد
شکریہ - کونین

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔
روزنامہ پرتاپ اور انقلاب سمیت سبھی اخباروں نے دلّی میں جنتر منتر کو احتجاج اور مظاہروں کیلئے بند کئے جانے کو اپنے صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے: دہلی میں اب جنترمنتر پر نہیں ہوں گے دھرنے اور مظاہرے، تین نئے مقامات طے۔ اس کے علاوہ اخبارات نے مرکزی وزارت صحت کے ذریعہ اسپتالوں اور کلینک کیلئے علاج اور جانچ کی فیس کو نمایاں طور پر آویزاں کرنے کو لازمی قرار دیئے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔
روزنامہ پرتاپ نے ''دلّی ڈائیلاگ: مستقبل کیلئے تیار بھارت کی خاطر پالیسیاں'' سے کامرس وصنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل کے خطاب کو اپنے صفحہ اول پر جگہ دی ہے، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ نئے آزاد تجارتی معاہدوں سے ملک میں روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔
اسی اخبار نے دلّی کی وزیرِاعلیٰ ریکھا گپتا کے ذریعہ سیوا سنکلپ ابھیان کے تحت تعلیم اور ہنرمندی کی ترقی سے متعلق کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کئے جانے اور سنگ بنیاد رکھے جانے کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔
اخبارات میں بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:
☆ ایران اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ کا ٹیلی فونک رابطہ، خطے کے مسائل پر بات چیت۔
☆ پاکستان کو ایک بار پھر 1971 جیسے بحران کا خطرہ۔
☆ حوثی حملوں کے بعد کئی ممالک کی اپنے شہریوں کو سعودی عرب کا سفر بند کرنے کی ہدایت۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 6 گورنروں کی تقرری کی ہے۔ راجندر وِشوناتھ آرلیکر کو تمل ناڈو، جبکہ او پی ماتھر کو کیرالم کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔
☆ بھارت، آج نئی دلّی میں BIMSTEC وزرائے داخلہ کی اب تک کی پہلی میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔
☆ انتخابی کمیشن نے ملک گیر رسائی مہم شروع کی ہے، تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بھی اہل رائے دہندہ، ووٹر فہرست سے باہر نہ رہ جائے۔
☆ جموں وکشمیر کے پونچھ ضلعے میں لائن آف کنٹرول سے متصل بارودی سرنگ کے دھماکے میں لشکر طیبہ کے چار دہشت

گرد ہلاک ہوگئے۔

☆ بھارت میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد 111 کروڑ سے تجاوز کرگئی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، ڈنمارک اوپن 2026 آج Odense کے مقام پر شروع ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔